# Manus
# LÆR Å BRUKE INTERNETT

اس تحریر کو پاور پوائنٹ پریزینٹیشن '*انٹرنیٹ استعمال کرنا سیکھیں*' کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ یہاں دیے گئے نقاط پاور پوائنٹ کے نقاط کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ نقطہ 1 کا تعلق پاور پوائنٹ میں سلائیڈ 1 (صفحہ 1) سے ہے اور نقطہ 2 کا تعلق سلائیڈ 2 سے ہے، اور اسی طرح آگے چل رہا ہے۔ آپکو یہی متن ہر سلائیڈ کے نیچے نوٹس میں بھی ملے گا۔

جس تحریر کو **موٹے** فونٹ میں دکھایا گیا ہے، وہ کورس کروانے والے استاد کیلئے تبصرے ہیں۔*ترچھے* فونٹ میں سرخیاں دی جا رہی ہیں۔ باقی تحریر کو اونچی آواز سے پڑھا جا سکتا ہے یا استاد جو سکھا رہا ہو، اس میں رہنمائی کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## متن

1. **پڑھانا شروع کرنے سے پہلے کورس کے شرکاء کے ساتھ تعلیمی اہداف پر بات کریں۔ اس طرح ان کیلئے اہم ترین معلومات پر توجہ دینا اور انہیں یاد رکھنا آسان ہو جائے گا۔**

2. *ویب براؤزر کھولنا اور ویب ایڈریسز کے بارے میں سیکھنا*

3. ویب براؤزر اس پروگرام کو کہتے ہیں جو ہم انٹرنیٹ پر ویب سائیٹس دیکھنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ کئی مختلف ویب براؤزر پائے جاتے ہیں۔ یہ چار زیادہ عام ہیں۔

4. پی سی استعمال کرنے والے لوگوں کا ویب براؤزر بالعموم انکی ٹاسک بار پر ہوتا ہے۔

5. Mac استعمال کرنے والوں کا ویب براؤزر ڈوک میں ہوتا ہے۔

6. ٹیبلٹ استعمال کرنے والوں کو اپنے ڈیسک ٹاپ پر دوسرے آئیکونز کے بیچ ویب براؤزر کا آئیکون دیکھنا ہو گا۔

7. ویب براؤزر کا آئیکون تلاش کریں اور اسے دبائیں۔
**سب لوگوں کو آئیکون تلاش کرنے اور ویب براؤزر کھولنے میں مدد دیں۔**

8. اگرچہ مختلف ویب براؤزرز تھوڑے سے مختلف دکھائی دیتے ہیں، ان سب کے بنیادی فیچرز ایک ہی جیسے ہوتے ہیں ۔ سب سے اہم چیز ایڈریس بار ہے۔ یہاں ویب ایڈریس لکھا جاتا ہے یا سرچ کیلئے الفاظ لکھے جاتے ہیں۔ یہاں آپ پی سی، Mac اور ٹیبلٹ پر بالعموم نظر آنے والی ایڈریس بار دیکھ رہے ہیں۔

9. اس کورس میں ہم یہ سادہ ونڈو استعمال کریں گے تاکہ آپ آسانی سے دیکھ سکیں کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔

10. تمام ویب سائیٹس (ویب پیجز) کا ایک ویب ایڈریس ہوتا ہے۔ جب آپ ایڈریس بار میں ویب ایڈریس لکھتے ہیں تو آپ ویب براؤزر کو بتا رہے ہوتے ہیں کہ آپ کونسی سائیٹ پر جانا چاہتے ہیں۔ ہم شاہی خاندان کی ویب سائیٹ کی مثال استعمال کر رہے ہیں: www. کا مطلب ہے کہ یہ انٹرنیٹ کا ایک پیج ہے۔

11. "kongehuset" پیج کا نام ہے۔

12. ".no" کا مطلب ہے کہ یہ پیج ناروے کا ہے۔

ویب ایڈریس استعمال کرنا تب بالکل آسان ہوتا ہے جب آپکو اس پیج کا پتہ معلوم ہو جو آپ دیکھنا چاہ رہے ہیں۔ تب آپکو پتہ ہوتا ہے کہ آپ درست جگہ پر آئے ہیں۔ آگے چل کر ہم دیکھیں گے کہ کوئی پیج سرچ کیسے کیا جاتا ہے۔

13. ایڈریس بار میں لکھنے کیلئے پہلے بار پر کلک کرنا پڑتا ہے۔ ایڈریس لکھنے کے بعد آپ کی بورڈ/کی پیڈ پر "Enter" بٹن دباتے ہیں۔ یہ کافی بڑا بٹن ہے جو حروف والے بٹنوں کے دائیں طرف ہوتا ہے۔ کچھ کی بورڈز میں اس بٹن پر "Enter" لکھا ہوتا ہے جبکہ کچھ کی بورڈز میں اس پر "Go" یا "Return" لکھا ہوتا ہے۔ کچھ کی بورڈز میں اس بٹن پر ایک مڑتے ہوئے تیر کی تصویر ہوتی ہے۔

**سب لوگوں سے کہیں کہ وہ اپنے ویب براؤزر میں "www.kongehuset.no" لکھیں اور "Enter" بٹن دبائیں۔**
پیج سامنے آنے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔

*14. ویب سائیٹ پر چیزیں تلاش کرنا*

15. سب سے پہلے جو صفحہ سامنے آتا ہے وہ ہوم پیج ہے۔ اس پر کچھ معلومات ہوتی ہیں لیکن تمام معلومات نہیں ہوتیں۔ دوسرے موضوعات پر معلومات تلاش کرنے کیلئے آپ اس پیج کا مینو استعمال کر سکتے ہیں۔ عام طور پر مینو سب سے اوپر یا بائیں طرف ہوتا ہے۔ کسی مینو ہیڈنگ (آئٹم) پر کلک کر کے اسے کھولیں۔ مزید پڑھنے کیلئے دوسری چیزوں مثلا" تصویروں اور مضامین پر کلک کرنا بھی ممکن ہوتا ہے۔ ہر وہ چیز جسے دبانا یا کلک کرنا ممکن ہو، وہ ایک لنک ہے۔

16. کمپیوٹر استعمال کرنے والے لوگ دیکھیں گے کہ ہر دفعہ جب ماؤس کرزر کسی کلک کیے جا سکنے لنک پر آتا ہے تو اس کی شکل ایک چھوٹے سے ہاتھ جیسی ہو جاتی ہے۔
**سب لوگوں سے کہیں کہ وہ پیج پر کچھ چیزیں کلک کر کے دیکھیں۔**

17. کبھی کبھی ہم غلطی سے کسی لنک پر کلک کر دیتے ہیں یا کسی اور وجہ سے واپس وہیں جانا چاہتے ہیں جہاں ہم پہلے کچھ دیکھ رہے تھے۔ اس کیلئے ایڈریس بار کے بالکل بائیں طرف تیروں والے دو بٹن ہیں۔ بائیں طرف اشارہ کرنے والے تیر کو دبا کر آپ واپس جا سکتے ہیں۔

18. اگر آپ دوبارہ آگے جانا چاہتے ہوں تو دائیں اشارہ کرنے والے تیر کو دبائیں۔
**سب لوگوں سے کہیں کہ وہ کچھ لنکس پر کلک کریں اور آگے پیچھے جا کر دیکھیں۔**

*19. ایک لفظ یا کئی الفاظ لکھ کر سرچ کرنا*

20. ہمیں ہمیشہ اپنی مطلوبہ ویب سائیٹ کا درست پتہ معلوم نہیں ہوتا۔ ایسے میں ہم سرچ کر سکتے ہیں۔ بہت سے سرچ انجن پائے جاتے ہیں لیکن گوگل سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ کچھ لوگ انٹرنیٹ سرچ کو "گوگل کرنا" کہتے ہیں۔
**سب لوگوں سے google.no پر جانے کو کہیں۔**
google.no پر آپکو سکرین کے درمیان میں سرچ کا خانہ نظر آئے گا۔ جیسا کہ ہم پہلے بات کر رہے تھے کہ ایڈریس بار کو سرچ کے خانے کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے لیکن اب ہم گوگل استعمال کر رہے ہیں۔

21. کسی موضوع پر سرچ کرنے کیلئے موضوع کو سرچ کے خانے میں لکھ کر "enter" دباتے ہیں۔

22. سرچ کیلئے درست الفاظ استعمال کرنا اہم ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ لفظ "kart" پر سرچ کریں تو آپکو بتایا جائے گا کہ دو ارب سے زیادہ ہٹس (نتائج) ملی ہیں۔ اگر مجھے سیبوں کی ریڑھی eplekart کے بارے میں جاننا ہو تو اس سرچ سے مجھے کوئی خاص فائدہ نہیں ہو گا۔ البتہ اگر آپ eplekart لکھیں تو آپ کو کم ہٹس ملیں گی لیکن زیادہ تر سیب اگانے سے متعلق ہوں گی۔

23. کئی پیجز پر اس سے زیادہ معلومات ہوتی ہیں جتنی معلومات دکھانے کی جگہ سکرین پر ہوتی ہے۔ اس لیے آپکو نیچے رول (سکرول) کر کے سب کچھ دیکھنا پڑتا ہے۔ کمپیوٹر پر ونڈو میں بالکل دائیں طرف ایک سکرول بار ہوتی ہے۔ اسے پکڑ کر اوپر اور نیچے کھینچیں تو آپ پیج پر اوپر اور نیچے جا سکتے ہیں۔

24.

25. ٹیبلٹ استعمال کرنے والے سکرین پر انگلی کو حرکت دے کر پیج پر اوپر اور نیچے جاتے ہیں۔

26. اکثر ہم ایک لفظ سے زیادہ استعمال کر کے سرچ کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً" اگر آپ Moss جا رہے ہوں اور ہوٹل میں ٹھہرنا چاہتے ہوں تو آپ "Hotell Moss" لکھ کر سرچ کر سکتے ہیں۔ سرچ انجن ہمیں وہ تمام پیجز دکھائے گا جن میں "hotell" اور "Moss" کے الفاظ استعمال ہوئے ہوں، خواہ یہ الفاظ ایک دوسرے کے پاس ہوں یا نہ ہوں، یا ایک ہی سلسلے میں استعمال ہوئے ہوں یا نہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمیں Moss میں سیاحت کے بارے میں مضامین مل سکتے ہیں، بلدیہ کی ویب سائیٹ، اخباروں کے مضامین اور بہت سی دوسری چیزیں مل سکتی ہیں۔ ظاہر ہے وہ پیجز بھی ملیں گے جو Moss میں ہوٹلوں کے بارے میں بتاتے ہیں۔

27. یہ یقینی بنانے کیلئے کہ ہمیں ایسے صفحات زیادہ سے زیادہ ملیں، ہم اس طرح واوین میں "Hotell i Moss" لکھ کر سرچ کر سکتے ہیں اور اب ہمیں سرچ کے صرف وہ نتائج ملیں گے جن میں یہ الفاظ اسی ترتیب سے موجود ہوں۔ اسی طرح کی سرچ تب بھی فائدہ مند ہے جب آپ گیتوں کے بول یا اقوال تلاش کر رہے ہوں۔

28. سرچ کے ان دونوں طریقوں کو ملا کر استعمال کرنا بھی ممکن ہے۔

*29.* ٹیبز (FANER)

*30.* کبھی کبھی شاید آپ کوئی نیا ویب پیج کھولنا چاہتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ سہولت بھی رکھنا چاہتے ہیں کہ ابھی آپ جس پیج پر ہیں، جلدی سے اس پر واپس آ سکیں۔ تب آپ ایک نئی ٹیب ("fane") کھول سکتے ہیں۔

**Kommentert [f1]:** Repetisjon av punkt 23 i Word fil, ingen tekst i PPT

**Kommentert [f2]:**

**Kommentert [FS3]:** Rettet ordet for anførselstegn

31. نئی ٹیب کھولنے کیلئے آپ یا تو ابھی کھلی ہوئی ٹیب کے برابر میں خالی جگہ پر کلک کرتے ہیں (جہاں موجودہ پیج کا نام لکھا ہے)۔

32. یا جن لوگوں کو یہ دستیاب نہ ہو، وہ ایڈریس بار کے دائیں طرف جمع کے نشان کیلئے نظر دوڑائیں اور اس پر کلک کریں۔
**سب لوگوں کو نئی ٹیب کھولنے کیلئے مدد دیں۔**

33. اس نئی ٹیب میں آپ سرچ کر سکتے ہیں یا نیا پیج کھول سکتے ہیں۔

34. اگر آپ دوبارہ پہلے والی ٹیب کو دیکھنا چاہیں تو اس پر کلک کریں۔

35. اگر آپ واپس نئے پیج پر جانا چاہیں تو اس پیج والی ٹیب پر کلک کریں۔ آپ جتنی چاہیں، ٹیبز کھول سکتے ہیں۔

*36.* ختم شد